17-11-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- بہار میں، نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے NDA حلقوں میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہو گئی ہیں۔ JDU قانون ساز پارٹی آج اپنا لیڈر منتخب کرنے کیلئے میٹنگ کرے گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ہریانہ کے فرید آباد میں شمالی زونل کونسل کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

3- بھارت، متحدہ عرب امارات میں آج شروع ہونے والے دبئی ایئر شو 2025 میں اپنی دفاعی طاقت کا مظاہرہ کرے گا۔

4- برطانیہ میں، پناہ دینے سے متعلق اصلاحات کے تحت پناہ گزینوں کو قیام کرنے کیلئے 20 سال کے انتظار کا سامنا کرنا پڑے گا۔

5- بھارت کے محکمہئ موسمیات نے آج تمل ناڈو، پدوچیری، آندھراپردیش اور کیرالہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور Luxemburg کے Strassen کے مقام پر بھارتی تیرانداز Kushal Dalal نے مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں GT اوپن انڈور عالمی سیریز کا خطاب جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

بہار میں ایک نئی سرکار کی تشکیل کے لیے NDA کی اتحادی پارٹیوں کی سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ نئی دلی اور پٹنہ میں، اِن پارٹیوں کے ارکان کے مابین تبادلہئ خیال اور بہت سی میٹنگوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ کابینہ کے ڈھانچے اور وزیروں کی کونسل میں مختلف اتحادی پارٹیوں کی نمائندگی پر بات چیت جاری ہے۔

حال ہی میں کرائے گئے اسمبلی انتخابات میںBJP ، 89 سیٹوں پر جیت حاصل کرکے سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے، جبکہ چراغ پاسوان کی قیادت والی لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس پاسوان کو 19 سیٹیں ملی ہیں۔ ہندوستانی عوامی مورچہ کو پانچ سیٹیں اور راشٹریہ لوک مورچہ کو چار سیٹیں حاصل ہوئی ہیں۔

پٹنہ میں، JDUقانون ساز پارٹی کے لیڈر چننے کیلئے آج میٹنگ ہوگی۔ امید ہے کہ JDUکے 85 نئے منتخبہ ارکان اسمبلی، نتیش کمار کو متفقہ طور پر پارٹی کے قانون ساز لیڈر کے طور پر منتخب کریں۔

امید ہے کہ BJP بھی NDA کی اِس میٹنگ کے بعد اپنا قانون ساز لیڈر چنے۔ NDA قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کی بھی آج منعقد کیے جانے کی توقع ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

NDAقانون ساز پارٹی کی طرف سے اُس کا لیڈر چنے جانے کے بعد ہی نئی سرکار کی تشکیل کا دعویٰ پیش کیا جائے گا۔ اِس سے پہلے موجودہ سرکار کی آخری کابینہ میٹنگ آج وزیراعلیٰ نتیش کمار کی قیادت میں منعقد ہوگی۔ اِس میٹنگ میں موجودہ کابینہ کو تحلیل کرنے کی سفارش کی جائے گی، تاکہ نئی سرکار کی تشکیل کا راستہ ہموار کیا جا سکے۔ اُس کے بعد وزیراعلیٰ نتیش کمار، گورنر کو اپنا استعفیٰ پیش کریں گے۔

اسی دوران نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب کی تیاریاں بھی شروع ہو گئی ہیں۔ یہ تقریب پٹنہ کے تاریخی گاندھی میدان میں منعقد ہوگی، جہاں گورنر عارف محمد خان نئے وزیراعلیٰ اور دیگر کابینہ ارکان کو حلف دلائیں گے۔ امید ہے کہ حلف برداری کی یہ تقریب 20 نومبر کو منعقد ہوگی۔

اسی دوران پٹنہ کی ضلع انتظامیہ نے آج گاندھی میدان عام لوگوں کیلئے 20 نومبر تک بند کردیا ہے۔

دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

Bihar Results CEO

اسمبلی چناؤ کے نتائج کے اعلان دو روز بعد، بہار کے اعلیٰ انتخابی افسر ونود سنگھ Gunjiyalنے پٹنہ کے راج بھون میں گورنر عارف محمد خان کو ریاستی اسمبلی کے 243 نو منتخبہ ارکان کی فہرست سونپ دی ہے۔ اس فہرست میںAIMIM ، Indian Inclusiveپارٹی اور بہوجن سماج پارٹی کے قانون سازوں کے ساتھ ساتھ NDA کے 202 اور مہاگٹھ بندھن کے 34 امیدواروں کے نام شامل کیے گئے ہیں۔

اسی دوران بھارت کے چناؤ کمیشن نے اسمبلی چناؤ اور ضمنی چناؤ کرائے جانے کے بعد بہار، 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے سے مثالی ضابطہئ عمل ہٹا لیا ہے۔ چناؤ کمیشن نے اس پیشرفت کے بارے میں، بھارت سرکار کے کابینہ سکریٹری اور متعلقہ ریاستوں کے چیف سکریٹریوں کو مطلع کرنے کیلئے اُنہیں ایک مکتوب تحریر کیا ہے۔×

Rev. Shah Northern Zonal Council

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج ہریانہ کے فریدآباد میں ہونے والی شمالی زونل کونسل NZC کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ توقع ہے کہ اس میٹنگ میں پنجاب، ہریانہ اور ہماچل پردیش کے وزراء اعلیٰ، دلّی، جموں و کشمیر اور لداخ کے لیفٹننٹ گورنر صاحبان اور دیگر کے علاوہ چندی گڑھ کے ایڈمنسٹریٹر اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ 32 ویں NZC میٹنگ میں، ریاستی سرکاروں کے درمیان پانی کے بٹوارے کے امور اور ترقیاتی کاموں میں تال میل پر تبادلہئ خیال کیے جانے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

وزیر اعظم نریندر مودی نے، ٹیم بھارت کا ویژن دیا ہے اور زونل کونسلز اس سَمت میں اہم تعاون دے رہی ہیں۔ اس اعتماد کے ساتھ کہ مضبوط ریاستیں ایک مستحکم ملک کی تعمیر کریں، زونل کونسلوں نے دو یا اس سے زیادہ ریاستوں یا مرکز اور ریاستوں پر اثر ڈالنے والے امور پر مذاکرات اور تبادلہئ خیال کیلئے ایک میکانزم فراہم کیا ہے۔ اس کے ذریعے ایک پلیٹ فارم کے طور پر خدمت انجام دی جائے تاکہ آپسی تعاون کو بڑھایا جا سکے۔ البتہ گزشتہ کچھ برسوں سے زونل کونسلوں کا رول اب

ایک ایڈوائزری کے طور پر ہے۔ یہ زونل کونسلز مختلف شعبوں میں تعاون اور آپسی مفاہمت کے صحتمند رشتوں کو فروغ دینے میں ایک اہم عنصر ثابت ہوئی ہیں۔

گزشتہ 11 سال میں سبھی ریاستی سرکاروں، مرکزی وزارتوں اور محکموں کے تعاون کے ساتھ مختلف زونل کونسلز اور اُن کی مستقل کمیٹیوں کی کُل 63 میٹنگیں ہوئی ہیں۔

نئی دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..........

Dubai Air Show

دبئی ایئر شو 2025، آج متحدہ عرب امارات میں شروع ہوگا۔ بھارت اس دو روزہ ایئر شو میں اپنی دفاعی طاقت اور صلاحیت کا مظاہرہ کرے گا۔

بھارتی فضائیہ، Suryakiran Aerobatic Teamاور LCA Tejas کے ساتھ ایئر شو میں شرکت کرے گی۔ دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب سیٹھ متحدہ عرب امارات کے اپنے ہم منصب کے ساتھ دوطرفہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ وہ بھارت، متحدہ عرب امارات، آسٹریلیا، امریکہ، برازیل، برطانیہ اور اٹلی کی تقریباً 50 کمپنیوں کے ساتھ صنعت سے متعلق ایک گول میز کانفرنس کی بھی صدارت کریں گے، جس کا مقصد بھارت میں دفاعی ٹکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبے میں تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔×

Jaishankar Qatar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل دوحہ میں قطر کے امیر Tamim bin Hamad Al Thaniسے ملاقات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے، وزیر اعظم نریندر مودی کی پُر جوش مبارکباد اور نیک خواہشات سے اُنہیں مطلع کیا اور بھارت و قطر کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے کے عزم کو دوہرایا۔ وزیر خارجہ نے اشتراک بڑھانے اور نئے موقعے تلاش کرنے کے بارے میں قطر کے امیر کی ستائش کی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے دوحہ میں قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمن الثانی سے بھی ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ

نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیاء کے ساتھ ساتھ وسیع علاقائی اور عالمی امور کی پیشرفت کے بارے میں بھی اپنے اپنے خیالات پیش کیے۔×

Rev. UK Immigration Reforms

برطانیہ موجودہ دور میں امیگریشن سے متعلق اب تک کی سب سے بڑی تبدیلی کا اعلان کرے گا۔ برطانیہ کی داخلہ سکریٹری شبانہ محمود آج ایوان نمائندگان سے خطاب کریں گی، جس کا مقصد موجودہ دور میں غیر قانونی مائیگریشن پر قابو پانے کیلئے ابھی تک کی سب سے وسیع اصلاحات کرنا ہے۔

داخلہ سکریٹری نے کہا کہ برطانیہ کو اِس بات پر اپنا نظم و نسق اور کنٹرول دوبارہ قائم کرنا چاہیے کہ کون، اِس ملک میں داخل ہوتا ہے اور کون قیام پذیر ہوجاتا ہے۔

ڈنمارک کے نظام پر مبنی اِن اصلاحات کا مقصد برطانیہ کو غیر قاقونی تارکین وطن کیلئے، کم دلچسپی والا ملک بنانا ہے جہاں سے اِن لوگوں کو آسانی سے ملک بدر کیا جا سکے۔

منصوبے کے تحت پناہ گزینوں کو مستقل رہائش کیلئے درخواست دینے سے پہلے 20 سال کا انتظار کرنا ہوگا۔ تجویز کے مطابق کسی پناہ گزیں کی حیثیت، عارضی ہوگی اور اِس کا انحصار لگاتار جائزے پر ہوگا، جب کسی پناہ گزیں کی شہریت اُس کے اپنے آبائی وطن سے ختم کردی جائے گی تو اِن لوگوں کو، برطانیہ میں محفوظ سمجھا جائے گا۔x

Bangladesh Sheikh Hasina Case

بنگلہ دیش میں انٹرنیشنل کرائمز ٹرائبونل سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ اور اُن کے دو قریبی ساتھیوں سے متعلق انسانیت کے خلاف مبینہ جرائم کے انتہائی اہم معاملات میں آج اپنا فیصلہ سنائے گا۔ یہ الزامات گزشتہ سال جولائی اور اگست میں ہونے والی طلبا کی قیادت والی تحریک سے وابستہ ہیں، جس کے دوران استغاثہ نے الزام لگایا تھا کہ اُس وقت کی عوامی لیگ حکومت نے مظاہرین کے خلاف پُر تشدد کارروائی کی تھی۔×

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات نے آج تمل ناڈو، پدوچیری، کرائکل، آندھراپردیش، کیرالہ اور ماہے کے دوردراز علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے اگلے دو سے تین روز کیلئے انڈومان اور نکّوبار جزائر کے دوردراز علاقوں میں بھی بجلی کڑکنے اور تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے کہا ہے کہ چھتیس گڑھ، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، راجستھان اور وِدربھ میں آج تک سرد لہر کے حالات رہنے کا امکان ہے۔×

جنوب مغربی خلیج بنگال میں بنے ہوا کے کم دباؤ کے حلقے کی وجہ سے آج آندھراپردیش کے کئی علاقوں میں بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہئ موسمیات کے مطابق نلّور اور تروپتی اضلاع میں کہیں کہیں اوسط سے تیز بارش ہو سکتی ہے، جبکہ پرکاسم، Annamayyaاور چتّور اضلاع میں ہلکی سے معتدل بارش ہو سکتی ہے۔ حکام نے لوگوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے اور ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سمندر میں جانے سے گریز کریں۔

وِجے واڑہ سے الّو مرالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

TN Rain

تمل ناڈو میں موسمیات کے علاقائی مرکز نے سری لنکا کے ساحل کے قریب جنوب مغربی خلیجِ بنگال پر کم دباؤ کا حلقہ بننے کی پیش گوئی کی ہے۔ آئندہ 24 گھنٹے کے دوران اس کے مغرب، شمال مغرب کی طرف بڑھنے کا امکان ہے۔ کم دباؤ کے سبب کَڈلور، Mayiladuthurai، ناگا پٹّنم اور Tiruvarur اضلاع میں کہیں کہیں تیز سے بہت تیز بارش ہو سکتی ہے، جبکہ دیگر مقامات پر بہت تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ ناگار سے.....

سمندری طوفان مونتھا کے بعد بارش میں آئی معمولی کمی کے بعد ساحلی علاقوں میں اس ہفتے دو بارہ بارش ہونے کا امکان ہے۔ ڈیلٹا کے کئی اضلاع اور جنوبی خطے کے کچھ ضلعوں میں بڑے پیمانے پر بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ ضلع انتظامیہ کو احتیاطی اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی ہے، جبکہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے ریاستی مرکز کی جانب سے24 گھنٹے نگرانی جاری ہے۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

AQI NCR

دلّی NCR خطّے میں، ہوا کا معیار مسلسل بہت خراب زمرے میں ہے۔ آج صبح 7 بجے تک ہوا کا معیار 359 ریکارڈ کیا گیا۔ آنند وِہار اور چاندنی چوک میں ہوا کے معیار کی سطح 383 تھی، جبکہ آر-کے پورم میں 366 اور IGI ہوائی اڈّے پر 300 تھی۔

خراب ہوا کے معیار کے پیش نظر ہوا کے معیار کے بندوبست کے کمیشن نے قومی راجدھانی اور آس پاس کے علاقوں میں Graded Response Action Plan کا مرحلہ سوئم نافذ کیا ہے۔×

FIDE Chess World Cup

گوا کے Panaji میں شطرنج کے FIDE عالمی کپ کے پانچویں راؤنڈ کے ٹائی بریک مقابلے میں پی-ہری کرشنا میکسیکو کے Jose Martinez Alcantara سے ہارنے کے بعد گرانڈ ماسٹر ارجن Erigaisi کوارٹر فائنل میں پہنچنے والے واحد بھارتی شطرنج کھلاڑی ہیں۔

ہری کرشنا، جنھوں نے اب تک مایوس کُن کھیل کا مظاہرہ کیا ہے، Martinezسے ہار گئے تھے۔ اس سے پہلے Martinez نے اُزبیکستان کے Nodirbek Yakubboev کو ہرانے کے بعد اس مقابلے میں ایک تاریخ رقم کی تھی۔×

Archery GT Open

Luxembourgمیں Strassen کے مقام پر مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں بھارتی تیرانداز Kushal Dalal نے GT Open Indoor عالمی سریز کا خطاب حاصل کیا ہے۔

Kushalنے ڈبل شُوٹ آف میں دنیا کے سابق نمبر ایک امریکی کھلاڑی Stephen Hansenکو ہرانے کے بعد سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اس سے پہلے Kushal سیمی فائنل میں فرانس کے عالمی چیمپئن Nicolas Gerard کو ہرانے کے بعد فائنل میں پہنچے تھے۔

بھارت کے گنیش منی رتنم نے بھی 21 سے کم عمر کے مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔x

Yadav Belem Cop 30

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو آج صبح برازیل کے شہر Belem پہنچے، وہ آب و ہوا میں تبدیلی سے متعلق، اقوام متحدہ کے فریم ورک کنوینشن UNFCCC COP 30میں شرکت کریں گے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب یادو نے کہا کہ اگلے کچھ دن میں وہ آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق مذاکرات میں شرکت کریں گے۔ نیز آب و ہوا سے متعلق مالیات اور دیگر اہم معاملات پر بھارت کا نظریہ پیش کریں گے۔وزیر موصوف نے کہا کہ وہ نتیجہ خیز بات چیت کے تئیں پُرامید ہیں۔x

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے "ملک گیر ڈجیٹل زندگی سر ٹیفکیٹ مہم کا چوتھا مرحلہ" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، پینشن اور پینشن یافتگان کی بہبود کے محکمے کے جوائنٹ سکریٹری Dhruba Jyoti Sengupta، ایس بی آئی کے CGM Amritiesh Mohan اور انڈیا پوسٹ پیمینٹس بینکس کے CGM گرو شرن بنسل کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِس ٹیلی فون نمبر پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین تین ایک صفر، چار آٹھ ایک۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کلیم احمد

شکریہ -اسلم بیگ

دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو، اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، روزنامہ انقلاب کی اہم سرخی ہے ”وزیر اعظم نریندر مودی نے سورت میں زیر تعمیر بلٹ ٹرین پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔ پروجیکٹ کی ٹیم سے بات چیت کے دوران وزیر اعظم نے ٹرین کی رفتار اور پیش رفت کے بارے میں دریافت کیا“۔

بہار میں نئی سرکار کی تشکیل کے سلسلے میں بات چیت جاری ہے، اِس حوالے سے اخبار کی شہ سرخی ہے۔ حکومت سازی کی تیاریاں تیز، اہم میٹنگ آج۔

اخبار کی ایک اور اہم سرخی ہے ”اسرو کی 2027 میں پہلا انسانی اسپیس مشن بھیجنے کی تیاری، اس سے پہلے بغیر خلاع باز کے تین ٹیسٹ فلائیٹس کی جائیں گی“۔

کھیل کے صفحے کی اہم سرخی ہے۔ ”بھارتی نشانے باز دھنش شری کانت نے ٹوکیوں میں Deaflympics ایر رائفل میں سونے کا تمغہ جیتا“۔

اخبار کے بین الاقوامی صفحے کی سرخیاں اس طرح ہیں۔

★ حج کیلئے نئی شرائط،کسی بھی طرح کے مرض میں مبتلا افراد حج نہیں کر سکیں گے۔

برطانیہ میں تارکین وطن کیلئے مستقل پناہ کی سہولت ختم کر دی گئی، اب صرف عارضی رہائش ملے گی

اسرائیل کا یلو لائن منصوبہ بے نقاب، غزہ کی ممکنہ تقسیم پر دنیا کو تشویش۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بہار میں، نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے NDA حلقوں میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہو گئی ہیں۔ JDU قانون ساز پارٹی آج اپنا لیڈر منتخب کرنے کیلئے میٹنگ کرے گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ہریانہ کے فرید آباد میں شمالی زونل کونسل کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

3- بھارت، متحدہ عرب امارات میں آج شروع ہونے والے دبئی ایئر شو 2025 میں اپنی دفاعی طاقت کا مظاہرہ کرے گا۔

4- برطانیہ میں، پناہ دینے سے متعلق اصلاحات کے تحت پناہ گزینوں کو قیام کرنے کیلئے 20 سال کے انتظار کا سامنا کرنا پڑے گا۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج تمل ناڈو، پدوچیری، آندھراپردیش اور کیرالہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور Luxemburg کے Strassen کے مقام پر بھارتی تیرانداز Kushal Dalal نے مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں GT اوپن انڈور عالمی سیریز کا خطاب جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------